الیکشن کمیشن آف پاکستان
شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز

مورخہ 2دسمبر 2021اسلام آباد

افراد باہم معذوری کے عالمی دن کے موقع پر چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان سکندر سلطان راجہ نےتمام افراد باہم معذوری کی آئندہ بلدیاتی انتخابات اور جنرل الیکشن 2023 میں بھرپور شرکت پر زور دیتے ہوئے پیغام دیا کہ الیکشن کمیشن کی جاری گھر گھر ووٹر تصدیقی عمل میں تمام افراد باہم معذوری اپنے اور اپنے اہل خانہ کے ووٹ کے اندراج کو یقینی بنائیں۔

اس سلسلے میں سیکرٹری الیکشن کمیشن جناب عمر حمید خان کی سربراہی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ پارٹنرز ، سول سوسائٹی کی نمائندہ تنظیموں اور افراد باہم معذوری نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

ابتدائی خطاب میں سیکرٹری الیکشن کمیشن نے انتخابی عمل میں تمام طبقات کی شمولیت کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے الیکشن کمیشن اور نادرا کے اس سلسلے میں کئے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی ۔

محترمہ نگہت صدیق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل الیکشن کمیشن نے الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں جینڈر اور سماجی شمولیت کے اور GDEWG کے قیام ،تمام اہل افراد کا انتخابی فہرستوں میں اندراج اور افراد باہم معذوری کے لئے پولنگ اسٹیشنز تک رسائی آسان بنانے کے لئے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کئے گئے متعدد اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔

افراد باہم معذوری کی نمائندہ تنظیموں نے الیکشن میں حصہ لینے والے افراد باہم معذوری کو پیش آنے والے مسائل بیان کئے اور حل کی تجویزدیں ۔سیکرٹری الیکشن کمیشن نے ان کی تجاویز پر غور کرنے کے لئے اورعملی اقدامات اٹھانے کے لئے انہین یقین دہانی کروائی۔